An Garda Síochána

Ag Coinneáil Daoine Sábháilte - Keeping People Safe

نفرت انگیز جرم نا قابلِ قبول ہے

آیئے مل کر نفرت کو ختم کریں

ابھی نفرت انگیز جرم کی اطلاع دیں

نفرت انگیز جرم کی اطلاع کیسے دی جائے؟

ہنگامی صورتحال میں ہمیشہ 999 یا 112 پر کال کریں۔

- اپنے قریبی گارڈا اسٹیشن پر نفرت انگیز جرم کی اطلاع دیں۔
- پر گارڈا اسٹیشن کی www.garda.ie ویب سائٹ مکمل ڈائرکٹری تلاش کریں۔
- گارڈا کانفیڈینشل لائن سے 1800 666111 پر رابطہ کریں۔
- پر گارڈا کی آن لائن www.garda.ie ویب سائٹ نفرت انگیز جرم کی رپورٹنگ سروس استعمال کریں۔
- پر اپنے علاقے کے www.garda.ie ویب سائٹ گارڈا ڈائیورسٹی آفیسر کو تلاش کریں۔

آن لائن نفرت انگیز جرم کی اطلاع دیں

آن لائن مواد

غیر قانونی یا نقصان دہ آن لائن مواد کی اطلاع آئرش انٹرنیٹ ہاٹ لائن پر دیں، بشمول نسل پرستی، غیر ملکیوں سے نفرت، بچوں کے جنسی استحصال کا مواد، ذاتی تصاویر کا غلط استعمال یا مالی فراڈ، ویب سائٹ : www.hotline.ie

آپ محفوظ طریقے سے، گمنام طور پر اور رازداری کے ساتھ رپورٹ کر سکتے ہیں۔ اگر مواد کے غیر قانونی ہونے کی تصدیق ہو جاتی ہے، تو اسے متعلقہ حکام کے حوالے کر دیا جاتا ہے، جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سروس فراہم کرنے والوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں کہ غیر قانونی مواد سے مناسب طریقے سے نمٹا جائے اور اسے ہٹا دیا جائے۔

یہ ،(www.cnam.ie) کوئمیسیان نامیان، آئرلینڈ کا میڈیا ریگولیٹر سفارش کرتا ہے کہ اگر آپ کو آن لائن کوئی غیر قانونی یا نقصان دہ مواد ملے، تو سب سے پہلے اس کی اطلاع متعلقہ پلیٹ فارم کو دیں۔ اگر آپ کو محسوس ہوتا ہے کہ کسی پلیٹ فارم کی طرف سے آپ کے آن لائن حقوق کا احترام نہیں کیا گیا ہے، تو آپ اس کی اطلاع کوئمیسیان نامیان کو دے سکتے ہیں، جو کسی بھی مجرمانہ مواد کو این گارڈا سیوچانا کے حوالے کر دیں گے۔

نفرت انگیز جرم کیا ہے؟

کوئی بھی مجرمانہ فعل جو کسی شخص یا اشخاص کے گروہ کے خلاف، ان کی محفوظ خصوصیات کی بنیاد پر نفرت کی وجہ سے شدت اختیار کر جائے۔ یہ خصوصیات درج ذیل ہیں:

نسل ر	نسب
نگ	صنف
قومیت	جنسی خصوصیات
مذہب	جنسی رجحان
قومی یا نسلی پس منظر	معذوری

جرائم کی اقسام میں حملہ، مجرمانہ نقصان یا عوامی بدامنی شامل ہو سکتی ہے۔

نفرت انگیز جرم کی اطلاع این گارڈ اسیوچانا کو دیں۔

ایسے واقعات جو مجرمانہ فعل کے زمرے میں نہیں آتے، لیکن اس کے باوجود نقصان دہ اور پریشان کن ہوتے ہیں، ان کی اطلاع بھی این گارڈ اسیوچانا کو دی جا سکتی ہے۔

نفرت انگیز جرم کو کیا چیز مختلف بناتی ہے؟

نفرت انگیز جرم دیگر اقسام کے جرائم سے اس لیے مختلف ہوتا ہے کیونکہ یہ آپ کے خلاف اس وجہ سے کیا جاتا ہے کہ آپ کون ہیں۔ یہ آپ کی کسی ایسی خصوصیت پر ذاتی حملہ ہوتا ہے جسے آپ بدل نہیں سکتے یا جسے آپ کو بدلنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے، جیسے کہ آپ کا رنگ، نسل، مذہب، صنف، جنسی رجحان وغیرہ۔

نفرت انگیز جرم کا شکار کون ہو سکتا ہے؟

کوئی بھی شخص، برادری یا ادارہ نفرت کا شکار ہو سکتا ہے۔ اگر آپ نے اس وجہ سے تشدد، ڈرانے دھمکانے یا عداوت کے کسی عمل کا تجربہ کیا ہے کہ آپ کون ہیں، تو آپ کسی نفرت انگیز جرم کا شکار ہو چکے ہوں گے۔

کیا یہ نفرت انگیز جرم ہے؟

اگر آپ کو اس بارے میں یقین نہیں ہے کہ آپ کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ کوئی نفرت انگیز جرم ہے یا واقعہ، تو اس کی اطلاع این گارڈ اسیوچانا کو دیں، جو آپ کو مزید مشورہ دیں گے اور ضروری کارروائی کریں گے۔

این گارڈ اسیوچانا کیا کرے گا؟

ین گارڈ اسیوچانا نفرت انگیز جرم کو انتہائی سنجیدگی سے لیتا ہے اور تمام رپورٹوں کی حساسیت اور احترام کے ساتھ تحقیقات کرے گا۔ غیر مجرمانہ واقعات کو ریکارڈ کیا جائے گا اور جہاں مناسب ہو، مزید کارروائی کے لیے ان پر غور کیا جائے گا۔

کریمنل جسٹس (ہیٹ آفینس) ایکٹ، 2024

یہ قانون سازی بعض جرائم کے لیے سزاؤں میں اضافے کا بندوبست کرتی ہے، جہاں یہ ثابت ہو جائے کہ وہ نفرت کی وجہ سے کیے گئے تھے یا جہاں نفرت کا اظہار کیا گیا ہو۔

مثال کے طور پر، یہ قانون سازی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ نفرت کی وجہ سے ہونے والے حملے، یا نفرت کی وجہ سے املاک کو پہنچنے والے نقصان پر زیادہ سزائیں دی جائیں گی۔